جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

جلسہ دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف

مورخہ ۲۶ ستمبر ۲۰۰۲ء کو طے شدہ پروگرام کے مطابق دارالعلوم حقانیہ میں تقریب ختم بخاری شریف اور جلسہ دستار بندی کا انعقاد ہوا۔ حسب روایت اس سال بھی اسی مبارک تقریب میں ہزاروں افراد نے شرکت کی بلکہ ایک محتاط اندازے کے مطابق حاضرین کی تعداد ایک لاکھ سے متجاوز ہو گئی تھی۔ اس موقع پر ۶۰۰ سے زائد فضلاء اور حفاظ کرام کی دستار بندی ہوئی اس دفعہ سیکورٹی کا انتظام دارالعلوم کے طلباء نے خود سنبھال رکھا تھا اور انہوں نے اپنی ڈیوٹی انتہائی احسن طریقے سے انجام دی۔

نماز ظہر کے بعد باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا سب سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر سیر حاصل خطاب فرماتے ہوئے فضلاء کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ اس تقریب کو بین الاقوامی سطح پر کوریج دینے کے لئے عالم عرب کے مشہور ٹی وی چینل الجزیرہ اور دیگر ٹی وی چینلز کے نمائندے آئے تھے۔ جس نے اس تمام جلسہ کی رپورٹنگ کی اور پھر ٹی وی پر اس کو نمایاں انداز میں پیش کیا۔ علاوہ ازیں دیگر غیر ملکی شخصیات اور اہم افراد بھی بطور خاص اس جلسہ میں شرکت کے لئے اکوڑہ خٹک تشریف لائے تھے۔ جس میں نمایاں طور پر عراقی سفیر اپنے وفد کے ہمراہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے تھے۔ علاوہ ازیں ملک کے دیگر بڑے بڑے شہروں کراچی، لاہور، ملتان، بلوچستان سے بھی جید علماء بھی تشریف لائے تھے۔ جن میں مولانا فدا الرحمان درخواستی خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ انتخابات کی مناسبت سے اس حلقہ این اے 6 سے نامزد امیدوار مولانا حامد الحق حقانی اور صوبائی اسمبلی کے امیدوار مولانا مجاہد خان صاحب نے بھی خطاب کیا۔

دارالعلوم کے سالانہ امتحانات

مورخہ ۲۱ ستمبر ۲۰۰۲ء کو دارالعلوم کے زیر اہتمام تمام درجات کے سالانہ امتحانات ہوئے۔ یہ امتحانات ۲۱ ستمبر سے لے کر ۲۵ ستمبر تک جاری رہے۔ جس میں طلبہ نے انتہائی نظم ونسق کا مظاہرہ کیا اور اساتذہ کرام کی ہدایات کے مطابق بھرپور محنت کی اسکے بعد وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر انتظام امتحانات مورخہ ۲۸ ستمبر ۲۰۰۲ء کو شروع ہوئے۔ اور ۲ اکتوبر تک جاری رہنے کے بعد بخیر وخوبی اختتام پذیر ہوئے۔ حسب سابق امسال بھی ایام تعطیل میں مولانا سیف اللہ صاحب دورہ میراث پڑھا رہے ہیں۔